DAILY SHAMA BASHANA
روزنامہ شانہ بشانہ
گجرات پاکستان
Ph: 3521703,3537766, 3537767-Fax: 3521698

گجرات یونیورسٹی میں تحقیقی مقالہ جات کی تیاری کے موضوع پر بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ

انگلشز انٹرنیشنل کی جانب سے جامعہ گجرات اور دیگر پاکستانی یونیورسٹیوں کے اشتراک سے تربیتی ورکشاپ کے اختتامی اجلاس بھرپور شرکت

علمی تحقیق انتہائی ذمہ دارانہ سرگرمی ہے، علمی تحقیق کے نتائج تحقیقی مقالہ جات کی بہترین اشاعت کے مرہون منت ہیں: وائس چانسلر ڈاکٹر شبر عتیق

گجرات (پ۔ر) جامعہ گجرات کے مرکز برائے السنہ وعلوم ترجمہ کے زیر اہتمام "تحقیقی مقالہ جات کی تیاری" کے موضوع پر بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ کے اختتامی اجلاس کا انعقاد حافظ حیات کیمپس میں ہوا۔ نوجوان طلبہ واساتذہ کے لیے بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد انگلشز انٹرنیشنل کی جانب سے کیا گیا تھا اور جامعہ گجرات و دیگر پاکستانی (باقی صفحہ نمبر 2 بقیہ 56)

گجرات: جامعہ گجرات کے CeLTS کے زیر اہتمام بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ "تحقیقی مقالہ جات کی تیاری" کے اختتامی اجلاس سے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شبر عتیق، ڈاکٹر منتظر مہدی، ڈاکٹر عامرہ رضا و دیگر خطاب کرتے ہوئے۔

بقیہ نمبر 56 | روزنامہ شانہ بشانہ

یونیورسٹیوں نے اس سلسلہ میں اشتراک کیا تھا۔ انگلشز انٹرنیشنل ترکی میں قائم شدہ ایک بین الاقوامی ریسرچ فورم ہے جو دنیا بھر میں انگریزی زبان، لسانیات وادب کے فروغ کے لیے کارہائے نمایاں سرانجام دے رہا ہے۔ قبل ازیں جامعہ گجرات کا مرکز برائے السنہ وعلوم ترجمہ بین الاقوامی کانفرنس برائے انگریزی زبان، لسانیات وادب کے کامیاب انعقاد کے لیے اشتراک کا مظاہرہ کر چکا ہے۔ اختتامی اجلاس کے مہمان خصوصی وائس چانسلر یونیورسٹی آف گجرات ڈاکٹر شبر عتیق نے کہا کہ علمی تحقیق انتہائی ذمہ دارانہ سرگرمی ہے۔ علمی تحقیق کے نتائج تحقیقی مقالہ جات کی بہترین اشاعت کے مرہون منت ہیں۔ علمی دنیا میں تحقیق وتنقید کو منفرد مقام حاصل ہے۔ فروغ علم میں انفرادی رائے اور اجتماعی میثاق اہم کردار ادا کرتا ہے۔ جامعہ گجرات نوجوان طلبہ میں علمی شعوری بیداری کے لیے ہمہ تن کوشاں ہے۔ ہمارا اولین فریضہ نوجوان طلبہ کو نسل انسانی کا بہترین رکن بناتے ہوئے ان کی علمی تربیت ہے۔ صدر انگلشز انٹرنیشنل ڈاکٹر منتظر مہدی نے کہا کہ ہماری اولین ترجیح انگریزی زبان کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہوئے پاکستانی طلبہ کو تحقیق کے بہترین مراحل سے روشناس کروانا ہے۔ انگلشز انٹرنیشنل دنیا کی مایہ ناز یونیورسٹیوں کے اشتراک سے فروغ تعلیم کے لیے تقریباً 200 کانفرنسوں کا انعقاد کرتے ہوئے 25 ممالک میں کام کر رہی ہے۔ پاکستانی طلبہ میں ذہانت ومحنت کا تناسب دنیا کے دوسرے ممالک سے کم نہیں۔ ہمارا مقصد پاکستانی طلبہ کی ذہانت ومحنت کو دنیا بھر کے سامنے لاتے ہوئے ان کے لیے بہترین یونیورسٹیوں سے سکالرشپ حاصل کرنا ہے۔ یہ امر پاکستان کا نام روشن کرنے کا بہترین وسیلہ ہے۔ کنٹری ہیڈ انگلشز انٹرنیشنل پروفیسر ڈاکٹر عامرہ رضا نے کہا کہ استعماری نکتہ نظر سے قطع نظر دور حاضر میں انگریزی ایک بین الاقوامی زبان بن چکی ہے۔ اپنی گوناگوں صلاحیتوں کی بدولت انگریزی زبان نے دنیا بھر میں فروغ حاصل کیا ہے۔ انگریزی زبان دنیا بھر کی مختلف زبانوں کے چیدہ الفاظ کو اپنے اندر جذب کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ علمی تحقیق کے فروغ وترقی کے لیے بھی انگریزی میں بے پناہ صلاحیت ہے۔ ڈائریکٹر ORIC جامعہ گجرات ڈاکٹر عادل رشید نے کہا کہ ہمارا مقصد اولی طلبہ کے تحقیقی مقالہ جات کو دنیا بھر میں تسلیم شدہ تحقیقی رسائل میں اشاعت کے مواقع کو بڑھانا ہے۔ تحقیقی سرگرمیوں میں طلبہ کی دلچسپی اور اساتذہ کی ذمہ داری کو یکساں دخل حاصل ہے۔ قبل ازیں ORIC جامعہ گجرات انگلشز انٹرنیشنل کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرتے ہوئے انٹرنیشنل کانفرنس میں پیش کیے گئے مقالہ جات کو کتابی صورت دینے کی راہ پر عمل پیرا ہے۔ ڈائریکٹر انگلشز ڈاکٹر عمر فاروق نے کہا کہ انگلشز انٹرنیشنل جلد ہی معیاری تحقیقی مقالہ جات کی اشاعت کے لیے ایک رسالہ کا اجرا کر رہی ہے۔ نوجوان طلبہ کے لیے تحقیق کی راہوں کو کشادہ وسہل بنانے کے لیے ہمیں بہترین اساتذہ کی اشد ضرورت ہے۔ تحقیقی مجلوں کے مدیروں کی تربیت بھی ہمارے پروگرام میں شامل ہے۔ ڈاکٹر ارشد علی نے کہا کہ [illegible] کے ذہنی افق کو بلند پروازی کی جانب مائل کرتے ہوئے باہمی ربط کو مضبوط بناتی ہیں۔ اختتامی تقریب کے تمام شرکاء نے ورکشاپ کی کامیابی سے تکمیل کے لیے مرکز برائے السنہ وعلوم ترجمہ جامعہ گجرات کے روح رواں ڈاکٹر غلام علی کی ان تھک کوششوں کو سراہتے ہوئے انہیں ہدیہ تبریک پیش کیا۔ اختتامی تقریب میں تربیتی ورکشاپ کے شرکاء کو اسناد پیش کی گئیں۔

روزنامہ دنیا گوجرانوالہ
میاں عامر محمود

جامعہ گجرات: تحقیقی مقالہ جات کی تیاری کے موضوع پر تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر اجلاس

علمی تحقیق انتہائی ذمہ دارانہ سرگرمی ہے، جامعہ گجرات طلبہ میں علمی شعور بیداری کیلئے ہمہ تن کوشاں ہے، ڈاکٹر شبر عتیق

گجرات (پ۔ر) جامعہ گجرات کے مرکز برائے السنہ وعلوم ترجمہ کے زیر اہتمام "تحقیقی مقالہ جات کی تیاری" کے موضوع پر بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ کے اختتامی اجلاس کا انعقاد حافظ حیات کیمپس میں ہوا۔ نوجوان طلبہ واساتذہ کے لیے بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد انگلشز (بقیہ نمبر 86)

بقیہ 86 | روزنامہ جذبہ

انٹرنیشنل کی جانب سے کیا گیا تھا اور جامعہ گجرات و دیگر پاکستانی یونیورسٹیوں نے اس سلسلہ میں اشتراک کیا تھا۔ انگلشز انٹرنیشنل ترکی میں قائم شدہ ایک بین الاقوامی ریسرچ فورم ہے جو دنیا بھر میں انگریزی زبان، لسانیات وادب کے فروغ کے لیے کارہائے نمایاں سرانجام دے رہا ہے۔ قبل ازیں جامعہ گجرات کا مرکز برائے السنہ وعلوم ترجمہ بین الاقوامی کانفرنس برائے انگریزی زبان، لسانیات وادب کے کامیاب انعقاد کے لیے اشتراک کا مظاہرہ کر چکا ہے۔ اختتامی اجلاس کے مہمان خصوصی وائس چانسلر یونیورسٹی آف گجرات ڈاکٹر شبر عتیق نے کہا کہ علمی تحقیق انتہائی ذمہ دارانہ سرگرمی ہے۔ علمی تحقیق کے نتائج تحقیقی مقالہ جات کی بہترین اشاعت کے مرہون منت ہیں۔ علمی دنیا میں تحقیق وتنقید کو منفرد مقام حاصل ہے۔ فروغ علم میں انفرادی رائے اور اجتماعی میثاق اہم کردار ادا کرتا ہے۔ جامعہ گجرات نوجوان طلبہ میں علمی شعوری بیداری کے لیے ہمہ تن کوشاں ہے۔ ہمارا اولین فریضہ نوجوان طلبہ کو نسل انسانی کا بہترین رکن بناتے ہوئے ان کی علمی تربیت ہے۔ صدر انگلشز انٹرنیشنل ڈاکٹر منتظر مہدی نے کہا کہ ہماری اولین ترجیح انگریزی زبان کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہوئے پاکستانی طلبہ کو تحقیق کے بہترین مراحل سے روشناس کروانا ہے۔ انگلشز انٹرنیشنل دنیا کی [illegible] سے فروغ تعلیم کے لیے تقریباً [illegible] انعقاد کرتے ہوئے 25 ممالک میں کام کر رہی ہے۔ پاکستانی طلبہ میں ذہانت ومحنت کا تناسب دنیا کے دوسرے ممالک سے کم نہیں۔ ہمارا مقصد پاکستانی طلبہ کی ذہانت ومحنت کو دنیا بھر کے سامنے لاتے ہوئے ان کے لیے بہترین یونیورسٹیوں سے سکالرشپ حاصل کرنا ہے۔ یہ امر پاکستان کا نام روشن کرنے کا بہترین وسیلہ ہے۔ کنٹری ہیڈ انگلشز انٹرنیشنل پروفیسر ڈاکٹر عامرہ رضا نے کہا کہ استعماری نکتہ نظر سے قطع نظر دور حاضر میں انگریزی ایک بین الاقوامی زبان بن چکی ہے۔ اپنی گوناگوں صلاحیتوں کی بدولت انگریزی زبان نے دنیا بھر میں فروغ حاصل کیا ہے۔ انگریزی زبان دنیا بھر کی مختلف زبانوں کے چیدہ الفاظ کو اپنے اندر جذب کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ علمی تحقیق کے فروغ وترقی کے لیے بھی انگریزی میں بے پناہ صلاحیت ہے۔ ڈائریکٹر ORIC جامعہ گجرات ڈاکٹر عادل رشید نے کہا کہ ہمارا مقصد اولی طلبہ کے تحقیقی مقالہ جات کو دنیا بھر میں تسلیم شدہ تحقیقی رسائل میں اشاعت کے مواقع کو بڑھانا ہے۔ تحقیقی سرگرمیوں میں طلبہ کی دلچسپی اور اساتذہ کی ذمہ داری کو یکساں دخل حاصل ہے۔ قبل ازیں ORIC جامعہ گجرات انگلشز انٹرنیشنل کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرتے ہوئے انٹرنیشنل کانفرنس میں پیش کیے گئے مقالہ جات کو کتابی صورت دینے کی راہ پر عمل پیرا ہے۔ ڈائریکٹر انگلشز ڈاکٹر عمر فاروق نے کہا کہ انگلشز انٹرنیشنل جلد ہی معیاری تحقیقی مقالہ جات کی اشاعت کے لیے ایک رسالہ کا اجرا کر رہی ہے۔ نوجوان طلبہ کے لیے تحقیق کی راہوں کو کشادہ وسہل بنانے کے لیے ہمیں بہترین اساتذہ کی اشد ضرورت ہے۔ تحقیقی مجلوں کے مدیروں کی تربیت بھی ہمارے پروگرام میں شامل ہے۔ ڈاکٹر ارشد علی نے کہا کہ [illegible] کے ذہنی افق کو بلند پروازی کی جانب مائل کرتے ہوئے باہمی ربط کو مضبوط بناتی ہیں۔ اختتامی تقریب کے تمام شرکاء نے ورکشاپ کی کامیابی سے تکمیل کے لیے مرکز برائے السنہ وعلوم ترجمہ جامعہ گجرات کے روح رواں ڈاکٹر غلام علی کی ان تھک کوششوں کو سراہتے ہوئے انہیں ہدیہ تبریک پیش کیا۔ اختتامی تقریب میں تربیتی ورکشاپ کے شرکاء کو اسناد پیش کی گئیں۔

روزنامہ جذبہ گجرات پاکستان
DAILY JAZBA
میجنگ ایڈیٹر راجہ طارق محمود

جامعہ گجرات میں تحقیقی مقالہ جات کی تیاری پر ورکشاپ اختتام پذیر

گجرات (سٹی رپورٹر، نامہ نگار) جامعہ گجرات کے مرکز برائے السنہ وعلوم ترجمہ کے زیر اہتمام "تحقیقی مقالہ جات کی تیاری" کے موضوع پر بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ کے اختتامی اجلاس کا انعقاد حافظ حیات کیمپس میں ہوا، نوجوان طلبہ واساتذہ کیلئے بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد انگلشز انٹرنیشنل کی جانب سے کیا گیا تھا اور جامعہ گجرات و دیگر پاکستانی یونیورسٹیوں نے اس سلسلہ میں اشتراک کیا تھا۔

ABC Certified
مظلوم کی آواز — پاک میاں کی سیاہی سے پاک
DAILY "DAK" GUJRAT
www.dailydak.pk
روزنامہ ڈاک گجرات
چیف ایڈیٹر یونس ساقی

گجرات: جامعہ گجرات کے CeLTS کے زیر اہتمام بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ "تحقیقی مقالہ جات کی تیاری" کے اختتامی اجلاس کے مہمانان گرامی کا گروپ فوٹو۔